# Media Update

26 January 2023

# UNODC

PRESS RELEASE

## U.S. Embassy funded Improving Rule of Law in Balochistan program successfully executed by UNODC

**Islamabad, Pakistan 26 January 2023** – U.S. Ambassador to Pakistan Donald Blome today joined United Nations Office on Drugs & Crime (UNODC) Representative Jeremy Milsom and Balochistan Police Inspector General Abdul Khalique Sheikh to celebrate the successful completion of a $4,578,696 Improving Rule of Law Program in Balochistan, funded by the U.S. Embassy and executed by UNODC. The five-year program commenced in February 2017 and concluded in December 2022. A closing ceremony was held in Islamabad to celebrate the journey and achievements of this important intervention.

In his remarks Ambassador Blome said "Today we recognize the completion of a six-year effort between the United States, Balochistan, and UNODC. In 2017 the United States was the sole funder for this project, providing $4.5 million for the Improving Rule of Law in Balochistan project. Over the past 75 years, the United States has invested more than a billion dollars to strengthen Pakistan's civilian law enforcement capacity and keep Pakistani citizens safe. This has included training for more than 120,000 Pakistani police officers, incorporating international standards for crime response, investigations, and handling of evidence into their courses. We contributed to the construction of over 230 border posts along the Pakistan-Afghanistan border. In Balochistan, we have provided over $20 million to purchase bullet proof vests, helmets, and vehicles to enhance law enforcement operations and keep officers safe while fighting crime."

Ambassador Blome also highlighted U.S. flood assistance, adding "To date, we have committed more than $200 million in flood-response, disaster resilience, and food security assistance. Our support includes urgently needed

food, safe water, sanitation and hygiene improvements, financial help, and shelter assistance. It also includes work with the Balochistan Police, including replacing police stations destroyed in the floods and providing a new wall and drainage system to better protect the Balochistan Police Training College in Quetta. We are doing what friends and partners do in times of hardship – support each other."

In his opening remarks, Mr. Jeremy Milsom, Country Representative, UNODC Country Office in Pakistan highlighted UNODC's continued support towards improving the rule of law sector in Balochistan. He thanked U.S. Embassy's International Narcotics and Law Enforcement (INL) section for its support and appreciated the Government of Balochistan's collaboration towards strengthening and reforming criminal justice institutions in the province.

The Program aimed to enhance the technical and operational capacity of the Balochistan Police through training sessions on crime scene investigation, forensic examination skills, and the provision of modern equipment. Improved cooperation between police and prosecution for better justice outcome remained a core component of the Program.

UNODC under INL funding equipped the Crime Branch of Balochistan Police with 10 Mobile Crime Scene Units, 2,250 First Responders and 250 Crime Scene Kits, as well as the renovation of Balochistan's Forensic Science Lab. Furthermore, four Forensic Collection Units to transport evidence were also established. This has been demonstrated by Ms. Jouhaida Hanano, Advisor, Rule of Law and Anti-Corruption Program, UNODC during her presentation on program achievements.

UNODC also supported the INL Program in the area of policy reforms and provided technical assistance to Balochistan Police Training Branch in needs assessment and analysis for capacity building. Specialized modules were developed, and 5517 officials were trained on multiple policing functions. Similarly, to improve citizens-state trust, the Balochistan Police, in coordination with UNODC, developed a Community Policing Policy and Plan aiming to enhance citizen trust, police response, and mutual accountability in the prevention and control of crimes, specifically against vulnerable groups.

In his closing remarks, Mr. Abdul Khalique Sheikh, Inspector General of Police Balochistan expressed his profound gratitude to U.S. Embassy's International Narcotics and Law Enforcement (INL) "Rule of Law" Program in Balochistan. He said, "These wide-reaching initiatives have made a lasting impact in the

lives of common citizens. This program was a perfect arrangement where INL and UNODC extended a helping hand in areas not taken care of by government finances and beneficiaries. I would like to acknowledge and appreciate a successful completion of this five-year program in Balochistan. This has set the stage and created an enabling environment where we have further built on it by adding community policing initiative." He conveyed his appreciation towards INL and UNODC for their invariable support and further stated that he was confident that this assistance and effort will go a long way in making Balochistan Police more responsive.

The closing ceremony highlighted major successes and the impact of the INL funded program along with challenges and lessons learned.

At the conclusion of the ceremony, a handover presentation of the Forensic Evidence Collection Units was held between U.S. Ambassador Blome and the Balochistan Police.

For further information or media enquiries please contact: Ms Rizwana Rahool, Communication Officer; Cell: +923018564255; Fax: + 92-51-2601469; Email: rizwana.rahool@un.org

## یو این او ڈی سی کی جانب سے امریکی سفارتخانے کے تعاون سے بلوچستان میں قانون کی حکمرانی کی صورتحال بہتر بنانے کے پروگرام کی کامیاب تکمیل

**اسلام آباد، پاکستان (26 جنوری 2023)** – اقوامِ متحدہ کے دفتر برائے انسدادِ منشیات و جرائم (یو این او ڈی سی) نے امریکی سفارتخانے کے مالی تعاون سے بلوچستان میں قانون کی حکمرانی کی صورتحال میں بہتری کے لئے 4,578,96 ڈالر مالیت کا پروگرام کامیابی کے ساتھ مکمل کر لیا ہے۔ اس اہم پروگرام کی کامیاب تکمیل پر پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم کے ساتھ ساتھ پاکستان کے لئے یو این او ڈی سی کے نمائندہ ڈجیریمی ملسم، بلوچستان کے انسپکٹر جنرل پولیس عبدالخالق شیخ نے اطمینان اور مسرت کا اظہار کیا ہے۔ اس پانچ سالہ پروگرام کا آغاز فروری 2017 میں کیا گیا اور یہ دسمبر 2022 میں پایہ تکمیل کو پہنچا۔ اس سلسلے میں اسلام آباد میں ایک اختتامی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ، بلوچستان اور یو این او ڈی سی کی اس چھ سالہ مشترکہ کاوش کی کامیاب تکمیل ہم سب کے لئے باعث اطمینان ہے۔ 2017 میں امریکہ اس پراجیکٹ کے لئے مالی تعاون فراہم کرنے والا واحد ملک تھا جس نے بلوچستان میں قانون کی حکمرانی کی صورتحال میں بہتری کے اس پروگرام کے لئے 4.5 ملین ڈالر کی خطیر رقم فراہم کی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 75 سال کے دوران امریکہ پاکستان میں نفاذِ قانون کی سویلین استعداد کو مستحکم بنانے اور پاکستانی شہریوں کو محفوظ رکھنے کے لئے ایک ارب ڈالر سے زائد سرمایہ فراہم کر چکا ہے۔ اس سلسلے میں1 لاکھ 20 ہزار سے زائد پاکستانی پولیس افسران کو تربیت دی گئی، اور ان تربیتی کورسز میں جرائم پر

جوابی اقدامات، ان کی تحقیقات اور شواہد سے متعلق امور کے بین الاقوامی معیارات کو شامل کیا گیا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ امریکہ نے پاک افغان سرحد کے ساتھ 230 سے زائد سرحدی چوکیوں کی تعمیر میں بھی اپنا کردار ادا کیا ہے۔ بلوچستان میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی سرگرمیوں کو بہتر بنانے اور جرائم کے خلاف مصروف عمل افسران کو محفوظ رکھنے کے لئے بلٹ پروف جیکٹ، ہیلمٹ اور گاڑیوں کی خریداری کے لئے 20 ملین ڈالر سے زائد کی رقوم فراہم کی گئیں۔

امریکی سفیر نے حالیہ سیلاب کے سلسلے میں فراہم کی گئی امریکی امداد پر بھی روشنی ڈالی اور بتایا کہ تاحال ہم سیلاب کے جوابی اقدامات، آفات کے مقابلے کی صلاحیت، اور غذائی تحفظ میں معاونت کے سلسلے میں 200 ملین ڈالر سے زائد کی فراہمی کے وعدے کر چکے ہیں۔ امریکہ کی طرف سے فراہم کی گئی معاونت میں فوری ضرورت کے مطابق کھانے پینے کی اشیاء، صاف پانی، سینی ٹیشن اور حفظانِ صحت کی سہولیات میں بہتری، مالی امداد اور رہائشی سہولیات کے سلسلے میں امداد شامل ہے۔ اس میں بلوچستان پولیس کے ساتھ مل کر کی گئی سرگرمیاں بھی شامل ہیں جن کے تحت سیلاب سے تباہ ہونے والے پولیس سٹیشنوں کی سرگرمیوں کو بحال کیا گیا اور کوئٹہ میں بلوچستان پولیس ٹریننگ کالج کے حفاظتی انتظامات بہتر بنانے کے لئے نئی دیوار کی تعمیر اور نکاسی آب کے نظام کی فراہمی پر بھی کام کیا گیا۔ ڈونلڈ بلوم نے کہا کہ ہم وہی کچھ کر رہے ہیں جو مشکل وقت میں دوست اور پارٹنر ایک دوسرے کی مدد کے لئے کرتے ہیں۔

پاکستان میں یو این او ڈی سی کنٹری آفس کے کنٹری ریپریزنٹیٹو جناب جیریمی ملسم نے اپنے ابتدائی کلمات میں بلوچستان میں قانون کی حکمرانی کی صورتحال بہتر بنانے کے لئے یو این او ڈی سی کی جانب سے مسلسل بنیاد پر فراہم کی جانے والی معاونت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے امریکی سفارتخانے کے انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لاء انفورسمنٹ (آئی این ایل) سیکشن کی معاونت پر ان کا شکریہ ادا کیا اور بلوچستان میں نظام انصاف کے اداروں کی اصلاح اور استحکام کے لئے بلوچستان حکومت کے اشتراک عمل کو بھی سراہا۔

یہ پروگرام اس مقصد کے ساتھ شروع کیا گیا کہ جائے وقوعہ کی تحقیقات، اور فورانزک معائنے کی مہارتوں پر تربیتی سیشنز اور جدید آلات و سامان کی فراہمی کے ذریعے بلوچستان پولیس کی ٹیکنیکل اور آپریشنل استعداد کو بہتر بنایا جائے۔ نظام انصاف کے بہتر ثمرات کے لئے پولیس اور استغاثہ کے درمیان بہتر تعاون اس پروگرام کا ایک اہم ترین جزو ہے۔

آئی این ایل کے مالی تعاون سے یو این او ڈی سی کی جانب سے بلوچستان پولیس کی کرائم برانچ کو 10 موبائل کرائم سین یونٹس، 2,250 فرسٹ رسپانڈرز اور 250 کرائم سین کٹس فراہم کی گئیں اور بلوچستان کی فورانزک سائنس لیب کی رینوویشن بھی کی گئی۔ علاوہ ازیں، شواہد کی ترسیل کے لئے چار فورانزک کلیکشن یونٹ بھی قائم کئے گئے۔ رول آف لاء اینڈ انٹی کرپشن پروگرام، یو این او ڈی سی کی مشیر محترمہ جویبدا ہانانو نے پروگرام کی کامیابیوں کے بارے میں اپنی پریزنٹیشن کے دوران ان تفصیلات کے ساتھ ساتھ دیگر معلومات سے بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔

یو این او ڈی سی کی جانب سے آئی این ایل پروگرام کو پالیسی اصلاحات کے شعبے میں بھی معاونت فراہم کی گئی ہے اور بلوچستان پولیس ٹریننگ برانچ کو استعداد میں بہتری کے لئے ضروریات کے تجزیہ کی تیاری میں تکنیکی معاونت فراہم کی گئی ہے۔ اس سلسلے میں سپیشلائزڈ ماڈیول تیار کئے گئے اور 5517 افسران اور اہلکاروں کو پولیس سرگرمیوں کے مختلف امور پر تربیت دی گئی۔ اسی طرح ریاست اور شہریوں کے درمیان اعتماد کا رشتہ بہتر بنانے کے لئے بلوچستان پولیس نے یو این او ڈی سی کے ساتھ مل کر ایک کمیونٹی پولیسنگ پالیسی اینڈ پلان تیار کیا جس کا مقصد شہریوں کے اعتماد، پولیس کے جوابی اقدامات اور بالخصوص کمزور طبقات کے خلاف ہونے والے جرائم کی روک تھام اور انسداد میں باہمی احتساب کے رجحان میں بہتری لانا ہے۔

اختتامی تقریب کے دوران آئی این ایل کے مالی تعاون سے مکمل کئے گئے اس پروگرام کی اہم کامیابیوں اور اس کے نتائج و اثرات سمیت اس پر عملدرآمد کے دوران پیش آنے والی مشکلات اور ان سے حاصل ہونے والے تجربات پر بھی روشنی ڈالی گئی۔

تقریب کے آخر میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی جانب سے فورانزک ایویڈنس کلیکشن یونٹس باقاعدہ طور پر بلوچستان پولیس کے حوالے کرنے کی پریزنٹیشن ہوئی۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ: محترمہ رضوانہ راہول، کمیونیکیشن آفیسر، موبائل: 923018564255+، فیکس:-92-51 + 2601469 ؛ ای میل: rizwana.rahool@un.org